انجمن خدام القرآن

سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

ماہانہ خبر نامہ

بانی: ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ

شمارہ نمبر: 20

ستمبر 2020ء بمطابق محرم الحرام 1442ھ

زیرِ اہتمام: انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔

فرمانِ الٰہی

اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِیْ كِتٰبِ اللّٰهِ یَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ ۙ۬ فَلَا تَظْلِمُوْا فِیْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ (سورۃ التوبہ آیت 36)

اللہ کے نزدیک مہینے گنتی میں بارہ ہیں اس روز سے کہ اس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا کتاب اللہ میں (سال) بارہ مہینے (لکھے ہوئے) ہیں اس میں سے چار مہینے ادب کے ہیں یہی دین (کا) سیدھا (راستہ) ہے تو ان مہینوں میں اپنے اوپر ظلم مت کرنا۔

فرمانِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال ما رأیتُ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یَتَحَرّٰی صیامَ یومٍ فضَّلَہ علی غیرِہ الّا ھذا الیومَ یومَ عاشوراءَ وھذا الشھرَ یعنی شھرَ رَمَضان

(بخاری و مسلم)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی فضیلت والے دن کے روزہ کا اہتمام بہت زیادہ کرتے نہیں دیکھا، سوائے اس دن یعنی یومِ عاشوراء کے اور سوائے اس ماہ یعنی ماہِ رمضان المبارک کے"

اداریہ

قارئین محترم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امیدِ وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہِ ستمبر 2020 کا یہ شمارہ آپ کو آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی سلامتی صحت اور ایمان کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہو گا۔ آمین

قارئین محترم سورہ توبہ میں اللہ کا ارشاد ہے کہ اللہ کے نزدیک مہینے گنتی میں بارہ ہیں جب سے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو تخلیق فرمایا۔ ان میں چار مہینے حرمت والے ہیں ان ہی حرمت والے مہینوں میں ایک مہینہ محرم الحرام ہے۔ ان مہینوں کے حوالے سے ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ان مہینوں میں اپنے اوپر ظلم نہ کرو یعنی خاص طور پر ان چار مہینوں میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور فسقِ فجور سے باز آجاؤ۔ ویسے تو پوری زندگی میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے گناہوں سے بچنا ہے لیکن خاص ان ادب والے محترم مہینوں کا تقاضہ ہے کہ ان مہینوں میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچنے کا خصوصی اہتمام کیا جائے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں گناہوں کو چھوڑنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

والسلام

انجینئر نعمان اختر صاحب

مدیرِ تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

قرآن اکیڈمی ڈیفنس

قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس کی تقریب تقسیم اسناد اور تعارفی نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں میزبانی کے فرائض ناظم تعلیم قرآن اکیڈمی ڈیفنس جناب محمد نعمان صاحب نے ادا کیے جبکہ امیر تنظیم اسلامی پاکستان جناب شجاع الدین شیخ صاحب ، صدر انجمن خدام القرآن سندھ جناب اظہر ریاض صاحب ، معاون خصوصی صدر انجمن جناب نسیم الدین صاحب اور مدیر تعلیم انجمن خدام القرآن سندھ جناب نعمان اختر صاحب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ 180 طلبہ وطالبات کو اسناد تقسیم کی گئیں دیگر احباب و مہمانان کے طور پر 350 سے زائد حضرات وخواتین نے شرکت کی۔ الحمدللہ 17 اگست 2020 سے رجوع الی القرآن کورس کا آغاز ہوچکا ہے کورس میں 27 حضرات اور 6 خواتین نے داخلہ لیا، مزید داخلے جاری ہیں۔ تجوید القرآن کی آن لائن کلاس برائے خواتین (منگل، جمعرات)، جبکہ قرآن حکیم کے پارہ 21 تا 30 کے لفظی ترجمہ کی کلاس برائے خواتین (پیر، منگل اور جمعرات) جاری ہیں جس میں مدرسہ کے فرائض محترمہ ناظمہ صاحبہ انجام دے رہی ہیں۔ جبکہ Lesson of Arabic Language کی کلاس برائے حضرات و خواتین (ہر اتوار) جس میں مدرس کے فرائض جناب عارف عرفان اللہ صاحب انجام دے رہے ہیں۔ گزشتہ ماہ دو آن لائن کورسز کی تکمیل ہوئی جس میں قرآن مجید کی صرفی و نحوی ترکیب اور سیرت النبی ﷺ شامل ہیں۔ مدرسہ کے شعبہ حفظ میں الحمدللہ بلاواسط کلاسز کا آغاز ہوچکا ہے جبکہ شعبہ قاعدہ وناظرہ میں 2 ستمبر 2020 سے بلاواسطہ آغاز ہوچکا ہے۔ مدرسہ میں نئے داخلوں کا آغاز بھی ہوچکا ہے۔ مسجد جامع القرآن میں نماز پنجگانہ کے علاوہ نماز جمعہ و عیدین، نکاح اور نماز جنازہ کا بھی اہتمام ہے۔ گزشتہ ماہ دو محافل نکاح کا انعقاد ہوا۔

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس سال 21-2020 کا آغاز 17 اگست 2020 سے ہوگیا ہے اس کورس کے آغاز میں حضرات کی ایک بڑی تعداد نے کورس میں دلچسپی کا اظہار کیا اور داخلہ فارم جمع کروائے جن میں سے 56 طلبہ کو ریگولر طلبہ کے طور پر جبکہ 4 طلبہ کو بطور سامع داخلہ دیا گیا۔ اسی طرح خواتین کی بھی ایک بڑی تعداد نے داخلہ فارم جمع کروائے جن میں سے 27 طالبات کو ریگولر طالبات کے طور پر داخلہ دے دیا گیا جبکہ سامعہ کے طور پر ابھی تک کوئی داخلہ نہیں ہوا۔ 5 طلبہ بیرون شہر سے تشریف لائے ہیں جن کے لیے ہاسٹل کی سہولت میسر ہے۔ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ کے شعبہ حفظ کے 12 طلبہ کرام نے وفاق المدارس العربیہ کے امتحان میں ممتاز درجہ میں کامیابی حاصل کی۔ لاک ڈاؤن کے دوران آن لائن تدریس کا سلسلہ جاری رہا۔ خبرنامہ انجمن خدام القرآن سندھ کے 19 شمارے الحمدللہ شائع ہوچکے جنہیں بذریعہ واٹس ایپ، ای میل اور سوشل میڈیا احباب و ارکان انجمن تک پہنچایا گیا۔ 16 اگست 2020 بروز اتوار قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں تقریب تقسیم اسناد منعقد کی گئی جس میں طلبہ و طالبات میں سرٹیفیکیٹ و تحائف تقسیم کیے گئے۔ 17 اگست 2020 بروز پیر تعارفی کلاس رجوع الی القرآن کورس قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں منعقد کی گئی جس میں کورس کا تعارف ، اساتذہ کا تعارف اور قواعد و ضوابط طلبہ کو بتائے گئے اس کلاس میں تدریس کے فرائض مدیر ادارہ سید سلیم الدین صاحب نے ادا کیے۔ شعبہ خواتین میں رجوع الی القرآن کورس داخلہ فارم اور معلومات 11 اگست سے فراہم کی گئی اور آن لائن رجسٹریشن کرانے والی طالبات سے رابط کیا گیا۔ انٹرویو ناظمہ ونائب ناظمہ شعبہ خواتین نے کیے۔ شعبہ خواتین میں وسطی تنظیم کے زیر اہتمام خواتین رفیقات کے دو اسرے منعقد ہوئے جن میں 10 رفیقات نے شرکت کی۔

قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی میں الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس کا آغاز 17 اگست 2020 سے ہوا جس میں الحمدللہ اب تک 23 حضرات اور 21 خواتین نے داخلہ لیا۔ ہفتہ میں دو دن (پیر اور منگل) حدیث کی آن لائن کلاسز کا اختتام 18 اگست کو ہوا۔ کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے باعث ملک میں لاک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے جس کے پیش نظر واٹس ایپ پر شعبہ حفظ کی آن لائن کلاسز کا سلسلہ جاری رہا۔ الحمدللہ 24 اگست 2020 سے باقاعدہ تعلیم کا آغاز ہوگیا ہے۔ وفاق کے تحت منعقد ہونے والے سالانہ امتحان میں مدرسہ کے طالب علم محمد صہیب بن محمد سلیم نے 100 میں سے 90 نمبر حاصل کرکے درجہ ممتاز میں کامیابی حاصل کی۔ الحمدللہ 31 اگست بروز پیر سے شعبہ ناظرہ و قاعدہ میں بھی تدریس کا آغاز ہوگیا ہے۔

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر میں الحمدللہ 17 اگست 2020 سے رجوع الی القرآن کورس کا آغاز ہوچکاہے 28 طلبہ اور 16 طالبات کورس میں شریک ہیں۔ مدیر اداری جناب ڈاکٹر انوار علی صاحب نے کورس کے شرکاء کے سامنے انجمن خدام القرآن اور رجوع الی القرآن کورس کا تعارف پیش کیا اور انہیں ادارہ میں خوش آمدید کہا۔ ادارے میں تمام وابستگان ادارہ بشمول اساتذہ اور دفتری اسٹاف کے لیے تربیتی کورس کی تکمیل ہوئی جس میں دینی تربیت کے ساتھ دفتری امور میں مہارت حاصل کرنے سے متعلق مضامین بھی شامل رہے۔ مسجد جامع القرآن میں خطاب جمعہ میں سورۃ الکھف کا مطالعہٗ جاری ہے، آخری جمعہ میں موقع کی مناسبت سے فلسفہ شہادت کے موضوع پر گفتگو رکھی گئی۔

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد حیدرآباد میں الحمدللہ رجوع الی القرآن کورس کی تدریس کا آغاز ہوچکاہے اوسطاً 20 طلبہ اور 20 طالبات اس کورس میں شرکت کررہے ہیں مزید داخلوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ظہر تا عصر بچوں کے لیے ناظرہ قرآن حکیم کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں قاری صاحب بچوں کو تجوید کے ساتھ ساتھ قرآن پاک اور مفتی صاحب دعائیں اور اخلاقیات کا درس دیتے ہیں۔ بعد نماز مغرب تعلیم بالغان کا اہتمام ہے جس میں قاری صاحب بڑی عمر کے حضرات کو تجوید کے ساتھ ساتھ قرآن پاک کی تعلیم دیتے ہیں۔ ادارہ کے اساتذہ کے لیے دوپہر کے اوقات میں مشکوٰۃ المصابیح اور مختصر القدوری کی تدریس جاری ہے جس میں مفتی مسعود الرحمٰن صاحب تدریس کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ ادارہ میں دینی موضوعات پر مشتمل پوسٹ تیار کی جاتی ہے جنہیں مختلف واٹس ایپ گروپ اور فیس بک پیج پر پوسٹ کیا جاتا ہے۔ بروز جمعہ مغرب تا عشاء حضرات وخواتین کے لیے درس قرآن کا اہتمام ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری فاروق ناغڑ صاحب ادا کررہے ہیں بروز اتوار بعد نماز عشاء درس حدیث کا اہتمام ہے جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب یاسر شیخ صاحب ادا کررہے ہیں۔

قرآن مرکز لانڈھی

مدرسۃ القرآن قرآن مرکز لانڈھی میں الحمدللہ حفظ القرآن اور ناظرہ و قاعدہ کی کلاسز میں تدریس کا آغاز ہوچکاہے۔ مدرسۃ البنین کے حفظ القرآن میں 41 جبکہ ناظرہ و قاعدہ میں 53 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ وفاق المدارس کے تحت ہونے والے امتحان میں قرآن مرکز سے 4 طلبہ نے شرکت کی اور الحمدللہ چاروں طلبہ نے درجہ ممتاز میں کامیابی حاصل کی۔ مدرسۃ البنات میں 71 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ مرکز میں جمعہ کے دن ہفتہ وار درس کا سلسلہ الحمدللہ باقاعدگی سے جاری ہے۔

دی ہوپ اسلامک اسکول

دی ہوپ اسلامک اسکول میں چھٹیاں جاری ہیں اسکول کی آن لائن کلاسز کے لیے وڈیو ریکارڈنگ اور اپ لوڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ طلبہ وطالبات کو آئی ڈی اور پاس ورڈ مہیا کردیے گئے ہیں۔ کلاسز کے لیے Home Assignments کی تیاری کا کام جاری ہے۔

ضرورت ہے

دی ہوپ اسلامک اسکول میں سائنس اور انگلش کے مضامین کی تدریس کے لیے دینی مزاج کے حامل حضرات وخواتین کی ضرورت ہے، خواہش مند حضرات و خواتین اپنے مکمل کوائف کے ہمراہ رابطہ فرمائیں۔

ایڈریس: دی ہوپ اسلامک اسکول، متصل طیبہ مسجد، زمان ٹاؤن کورنگی نمبر 4، کراچی۔ فون: 021-35074664 , 0333-3452946

شعبۂ سمع وبصر

قرآن فورَم:

شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورَم کے عنوان سے جاری ٹاک شو میں دورِ جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل اور ان کے ازالہ کے لیے قرآن و سنت کی رہنمائی پر گفتگو کی جاتی ہے۔ اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب محمد نعمان صاحب میزبانی کے فرائض سرانجام دیتے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو وَن نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 2 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر بدھ صبح 5 بجے دوبارہ نشر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قرآن اکیڈمی کے آفیشل فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر بھی ہر ہفتہ رات 8 بجے باقاعدگی سے اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔ جولائی 2020ء کے مہینے میں درجِ ذیل موضوعات پر پروگرام ریکارڈ کیے گئے:

قربانی　　تقویٰ اور اس کی برکات　　دُعا　　رمضان، روزہ اور قرآن

دینی و تحریکی لٹریچر (آن لائن فہم دین کورسز)

انجمن کے تحت ہونے والے آن لائن فہم دین کورسز کے سلسلہ میں ہر جمعہ رات 8 بجے جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے لیکچرز کو قرآن اکیڈمی کے **LMS** کے علاوہ قرآن چینل کے فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر براہِ راست نشر کیا جاتا ہے۔ ماہِ جولائی میں "انجمن خدام القرآن اور تنظیم اسلامی (تعارف اور باہمی ربط)" کے موضوع پر لیکچر کو براہِ راست نشر کیا گیا۔

سلسلہ وار درسِ قرآن

کارساز کے مقام پر ہونے والے جناب شجاع الدین شیخ صاحب کے درسِ قرآن کے سلسلہ کا دوبارہ آن لائن آغاز کیا گیا ہے۔ مذکورہ درس ہر اتوار سہ پہر 3 بجے قرآن اکیڈمی کے آفیشل فیس بک پیج اور یوٹیوب چینل پر نشر کیا جارہا ہے۔ گزشتہ ماہ درجِ ذیل موضوعات پر دروسِ قرآن ریکارڈ کر کے نشر کیے گئے:

سورۃ الحشر آیات 8 تا 10 — سورۃ الحشر آیات 11-17

رجوع الی القرآن کورس (Promo)

رجوع الی القرآن کورس کے لیے ایک منٹ کے دورانیہ پر مشتمل **Promo** تیار کیا گیا جس کی قرآن اکیڈمی کے آفیشل فیس بک پیج پر **Paid Promotion** کے ذریعہ بڑے پیمانے پر تشہیر کی گئی۔ مذکورہ **Promo** کی کراچی اور حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے 4½ لاکھ سے زائد افراد تک پہنچ رہی اور تقریباً 50 ہزار افراد کو **Promo** میں دیئے گئے لنک کے ذریعہ قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ پر کورس کی معلومات اور داخلہ فارم تک رسائی حاصل ہوئی۔

امیر تنظیم اسلامی کا یومِ آزادی کے موقع پر پیغام

یومِ آزادی کے موقع پر امیر تنظیم اسلامی جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا 8 منٹ پر مشتمل ایک ویڈیو پیغام ریکارڈ کیا گیا۔ جسے ایڈیٹنگ کے بعد مرکز تنظیم اسلامی کو ارسال کیا گیا۔

اغراض و مقاصد انجمن خدام القرآن، سندھ، کراچی

انجمن خدام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے قیام کا مقصد منبع ایمان اور سرچشمۂ یقین قرآنِ حکیم کے علم و حکمت کی وسیع پیمانے اور اعلیٰ علمی سطح پر تشہیر و اشاعت ہے۔ تاکہ اُمت مسلمہ کے فہیم عناصر میں تجدید ایمان کی ایک عمومی تحریک برپا ہو جائے اور اس طرح اسلام کی نشأۃ ثانیہ اور غلبۂ دینِ حق کے دورِ ثانی کی راہ ہموار ہو سکے۔

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے اغراض و مقاصد:

☆ عربی زبان کی تعلیم و ترویج؛

☆ قرآن مجید کے مطالعے کی عام ترغیب و تشویق؛

☆ علومِ قرآنی کی عمومی نشر و اشاعت؛

☆ ایسے نوجوانوں کی مناسب تعلیم و تربیت جو تعلّم و تعلیمِ قرآن کو اپنا مقصدِ زندگی بنالیں اور

☆ ایک ایسی قرآن اکیڈمی کا قیام جو قرآنِ حکیم کے فلسفہ و حکمت کو وقت کی اعلیٰ ترین علمی سطح پر پیش کر سکے۔